Shabbir / Fazil

18-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی جنگ اور آبنائے ہرمز کی سلامتی کے بارے میں، متحدہ عرب امارات کے صدر سے بات چیت کی۔

2- ایران نے اسرائیل کی طرف سے کئے گئے حملوں میں، اپنے قومی سلامتی کے سربراہ علی لاری جانی اور بَسیج فورس کے سربراہ غلام رضا سلیمانی کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔

3 - انتخابی کمیشن نے آسام، کیرالہ، پدوچیری، تمل ناڈو اور مغربی بنگال کے اسمبلی انتخابات کیلئے 1100 سے زیادہ مرکزی مشاہدین مقرر کیے ہیں۔

4- کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں نے اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔

5- یکساں سول کوڈ کیلئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے اپنی حتمی رپورٹ کا مسودہ گجرات سرکار کو پیش کیا۔ اور

6- بھارت کی آکرشی کشیپ، فرانس میں آرلینس ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے اصل مرحلے میں، خواتین کے سنگلز میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM UAE Prez

وزیراعظم نریندر مودی نے کل متحدہ عرب امارات UAE کے صدر شیخ محمد بن زائد النہیان سے بات چیت کی۔ ٹیلی فون پر کی گئی اس بات چیت میں دونوں رہنماؤں نے مغربی ایشیا کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ انھوں نے UAE پر کیے گئے سبھی حملوں کی، بھارت کی طرف سے ایک بار پھر مذمت کی، جن کی وجہ سے بے قصور لوگوں کی جانیں ضائع ہوئیں اور شہریوں کے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔

وزیراعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں نے آبنائے ہرمز کے راستے محفوظ اور آزادانہ آمدروفت کو یقینی بنانے کی اہمیت سے اتفاق کیا۔ بات چیت کے دوران دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن و سلامتی اور استحکام کو جلد بحال کرنے کے لئے یکجا ہوکر کام کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔x

Iran Larijani Killing°

ایران نے اپنے قومی سلامتی کے سربراہ علی لاری جانی اور بَسیج فورس کے سربراہ غلام رضا سلیمانی کی، اسرائیل کے ایک حملے میں ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ لاری جانی، امریکہ اور اسرائیل کے خلاف جاری جنگ میں، ایران کی ممتاز ترین شخصیتوں میں سے تھے۔ وہ مقتول رہنما آیت اللہ علی خامنہ ای اور اُن کے بیٹے مجتبیٰ کے معتمد تھے۔

یہ تصدیق اسرائیل کے یہ کہنے کے کچھ گھنٹے بعد کی گئی کہ اُس نے ایران سیکیورٹی کے دو سرکردہ افسروں کو ہلاک کردیا ہے، جن میں لاری جانی بھی شامل ہیں۔ اسرائیل نے کہا کہ اس کے اِس حملے کا مقصد، جاری جنگ کے دوران ایران کی قیادت کو کمزور کرنا تھا۔ ایران کی فارس خبر ایجنسی نے کہا کہ لاری جانی کو امریکہ اور اسرائیل کے جنگی جہازوں نے نشانہ بنایا جب وہ ایران کے مشرق میں پَردِس ضلعے میں اپنی بیٹی کے گھر پر تھے۔x

Blast US Embassy Baghdad″

عراق کی راجدھانی بغداد میں کَل امریکی سفارتخانے کے نزدیک، ایک زبردست سکیورٹی والے علاقے میں کئی دھماکے ہوئے۔ جیسا کہ ایران پر امریکہ-اسرائیل کے حملوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

حفاظتی ذرائع نے بتایا کہ کم سے کم تین دھماکہ خیز ڈرون نے بغداد بین الاقوامی ہوائی اڈے کے قریب ایک امریکی سفارتکاری مرکز کو بھی نشانہ بنایا، جس کی وجہ سے C-RAM فضائی دفاعی نظام سرگرم ہوگیا۔

عراقی حکام نے بتایا کہ الجدریہ ضلعے میں سینٹرل بینک کے قریب آگ لگنے کا بھی ایک حادثہ پیش آیا، جہاں فضا سے ایک فضائی ہتھیار اِس عمارت کے اہم دروازوں کے قریب آ کر گرا۔ اِن حملوں میں کسی کے جانی نقصان کی کوئی فوری اطلاع نہیں ملی ہے۔x

Trump NATO

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ NATO کے زیادہ تر اتحادیوں نے، ایران کے خلاف امریکی فوجی کارروائی میں شامل ہونے سے انکار کردیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے اتحاد کی نکتہ چینی کی ہے اور زور دے کر کہا ہے کہ امریکہ کو کسی غیر ملکی حمایت کی ضرورت نہیں ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اتحادیوں کی ہچکچاہٹ کے باوجود تقریباً ہر

ملک، امریکہ جو کچھ کر رہا ہے، اُس سے پختہ طریقے سے اتفاق رکھتا ہے اور ایران کو، کسی بھی طرح کوئی نیوکلیر ہتھیار تشکیل دینے یا تیار کرنے نہیں دیا جائے گا۔

جناب ٹرمپ نے کہا کہ انھیں NATO کے ارکان کے اِس جواب پر کوئی حیرت نہیں ہے۔

Macron Hormuz

فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں نے کہا ہے کہ اُن کا ملک مشرقِ وسطیٰ کی موجودہ جنگ سے علیحدہ مشن کے طور پر ہی آبنائے ہُرمز کو حاصل کرنے میں مدد کرنے کیلئے تیار ہے۔ Elysee صدارتی محل میں سلامتی میٹنگ سے پہلے اظہار خیال کرتے ہوئے جناب میخوں نے زور دے کر کہا کہ ایران کے ساتھ کشیدگی کو ختم کرنے سے متعلق کسی بھی مشن پر تبادلۂ خیال کی ضرورت ہے اور اس مشن کا موجودہ فوجی کارروائیوں اور بمباری سے پوری طرح الگ ہونا ضروری ہے۔ ×

EC Central Observers

انتخابی کمیشن نے کیرالم، آسام، پڈوچیری، تمل ناڈو اور مغربی بنگال ریاستی اسمبلیوں اور 6 ریاستوں کے ضمنی انتخابات کیلئے ایک ہزار 111 مرکزی مشاہدین کو تعینات کیا ہے۔ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے اس بات کو دوہرایا ہے کہ انتخابات آزادانہ، منصفانہ اور تشدد اور لالچ سے پاک ہوں گے، جس میں ہر ووٹر کے بے خوف اور غیر جانبدار حقِ رائے دہی کو یقینی بنایا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ishani

انتخابات کیلئے تعینات کیے گئے ایک ہزار 111 مشاہدین میں سے 557 عام مشاہدین، 188 پولیس مشاہدین اور 366 اخراجات سے متعلق مشاہدین ہیں۔ انتخابی کمیشن نے بتایا کہ یہ افسران انتخابی عمل کے سبھی پہلوؤں پر قریبی نگاہ رکھیں گے۔ عام مشاہدین انتخابات کے مجموعی انعقاد پر نظر رکھیں گے، جبکہ پولیس مشاہدین، امن و قانون اور حفاظتی انتظامات کی نگرانی کریں گے۔ وہیں اخراجات سے متعلق مشاہدین، پیسے کی طاقت کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے انتخابی اخراجات پر گہری نظر رکھیں گے۔

انتخابی مشاہدین کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ آج اپنے متعلقہ حلقوں میں پہنچ جائیں اور فوری طور پر اپنے فرائض کی انجام دہی شروع کر دیں۔ کمیشن نے واضح کیا کہ اس دوران شکایتوں کا فوری ازالہ اور شفافیت، اہم ترجیحات بنی رہیں گی۔

نئی دلّی سے ایشانی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Keralam Campaign

کیرالم میں، تین بڑے انتخابی اتحاد کی جانب سے پہلے مرحلے کے امیدواروں کی فہرست کے جاری ہونے کے ساتھ ہی انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ اس دوران انتخابی مشاہدین کے آج کیرالم میں پہنچنے کا پروگرام ہے، جبکہ اخراجات سے متعلق مشاہدین کل ہی ریاست پہنچ چکے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Smithy M Palluruthy

کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 مارچ ہے، اس کے باوجود بڑے انتخابی اتحاد کی جانب سے پہلے مرحلے کے امیدواروں کے ناموں کے اعلان کے ساتھ ہی پورے کیرالم میں انتخابی مہم تیز ہو گئی ہے۔ امیدواروں کے نام کے باضابطہ اعلان سے پہلے ہی کئی علاقوں میں غیر رسمی تشہیر شروع ہو گئی ہے۔

LDF اور NDA پہلے مرحلے کے اپنے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کر چکے ہیں۔ اس کے بعد UDF کے اہم اتحادی کانگریس نے کل شام 55 امیدواروں پر مشتمل فہرست کا اعلان کیا۔

کانگریس کی فہرست میں Paravur سے ایک بار پھر انتخاب لڑ رہے اپوزیشن لیڈر V. D. Satheesan سمیت 19 موجودہ اراکین اسمبلی ہیں۔

CPIM کی جانب سے اتوار کے روز جاری کی گئی فہرست میں وزیر اعلیٰ پنّارائی Vijayan سمیت 56 موجودہ اراکین اسمبلی ہیں۔

BJP کی جانب سے پیر کے روز جاری کردہ 47 نامزد امیدواروں کی فہرست میں پارٹی کے ریاستی صدر راجیو چندر شیکھر اور مرکزی وزیر جارج کورین شامل ہیں۔

تروانت پورم سے اسمتی ایس پلّورتی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ............

Assam Congress

آسام میں، کانگریس کے سینئر لیڈر اور لوک سبھا کے ممبر پارلیمنٹ Prudyut Bordoloi نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے کے نام لکھے گئے ایک خط میں جناب Bordoloi نے تمام عہدوں، مراعات اور پارٹی کی اپنی بنیادی رکنیت سے دستبردار ہونے کے اپنے فیصلے کا اعلان کیا۔

جناب Bordoloi ناگاؤں لوک سبھا حلقے کی نمائندگی کرتے ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Gujarat UCC Committee

گجرات میں یکساں سول کوڈ سے متعلق اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے اپنی حتمی رپورٹ کا مسودہ، کل گاندھی نگر میں وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل کو پیش کیا۔ سپریم کورٹ کی ریٹائرڈ جج جسٹس رنجنا پرکاش دیسائی کی قیادت میں اِس کمیٹی نے یہ رپورٹ ایک وسیع مطالعے اور گجرات کے سبھی ضلعوں سے عوامی رائے حاصل کرنے کے بعد تیار کی ہے۔

رپورٹ کے مسودے میں سبھی مذہبوں اور برادریوں کیلئے ایک مشترکہ قانونی فریم ورک کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ اِس قانونی فریم ورک میں شادی بیاہ، طلاق، ورثے اور گود لیے جانے کے معاملات شامل ہیں۔ اِن سفارشات میں اصل توجہ، خواتین کے لیے برابری کے حقوق اور سلامتی کو یقینی بنانے پر دی گئی ہے۔ کمیٹی نے خاص طور پر کہا ہے کہ اِس مسودے میں ریاست کے جغرافیائی اور ثقافتی تنوع کی منفرد نوعیت کو مدِّنظر رکھا گیا ہے۔x

Parliament Today

لوک سبھا میں آج زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت کے زیر کنٹرول سال 2026-27 کے مطالباتِ زر پر بحث اور ووٹنگ ہوگی۔ اس کے علاوہ ایوان میں وزارتِ داخلہ، وزارتِ خارجہ اور بجلی کی وزارت کے زیر کنٹرول مطالباتِ زر پر بھی بحث اور ووٹنگ ہوگی۔

ریلوے کی وزارت کے مطالباتِ زر پر کل شام ہوئی بحث کا جواب دیتے ہوئے ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے 10 سال کے دوران ریلوے کی اقتصادی صحت میں خاطر خواہ بہتری آئی ہے۔

S/B - 0815 Ashwini Rail / Pment

اس دوران راجیہ سبھا کی جانب سے بحث کے بعد تخصیص بل 2026 لوک سبھا میں کل واپس بھیجے جانے کے ساتھ ہی اس بل کو پارلیمنٹ کی منظوری مل گئی ہے۔ لوک سبھا، تخصیص بل کو پہلے ہی منظوری دے چکی ہے۔x

Bharat Tribes Fest

قبائلی برادریوں کے ثقافتی ورثے اور کاروباریت کا مظاہرہ کرنے والا Bharat Tribes Fest 2026 ، آج سے قومی راجدھانی کی سُندر نرسری میں شروع ہو رہا ہے، جو 30 مارچ تک جاری رہے گا۔ اس Fest کا انعقاد

Tribal Cooperative Marketing Development Fedration of India

کی جانب سے کیا جا رہا ہے اور اس کا افتتاح قبائلی امور کے مرکزی وزیر Jual Oram کریں گے۔

تقریب کے دوران 200 سے زیادہ اسٹالز، ملک بھر کے 78 وَن دھن وِکاس کیندروں اور 300 سے زیادہ قبائلی کاریگروں کی نمائندگی کریں گے۔x

Sikkim Prerna Sthal

سکم پریرنا استھل کا آج بَرداَنگ میں افتتاح کیا جائے گا۔ افتتاح کی رسم گورنر اوم پرکاش ماتھر، جنرل آفیسر کمانڈنگ، بلیک کیٹ ڈویژن، میجر جنرل ایم۔ایس راتھوڑ اور DGP سکم پولیس اکشے سچدیو کی موجودگی میں انجام دی جائے گی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Mainak Chatterjee / Manas Pratine

اکتوبر 2023 میں گلیشئر پھٹ جانے کے حادثے میں، سکم میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی تھی۔ اِس حادثے میں 22 بھارتی فوجی اپنی خدمات انجام دیتے ہوئے شہید ہوگئے تھے۔ اِن لوگوں کی شہادت کے احترام میں بَرداَنگ میں سکم پریرنا استھل کا تصور پیش کیا گیا۔ بھارتی فوج نے سکم سرکار کے ساتھ مل کر اِس تصور کو پورا کیا۔ پہلے یادگاری کمپلیکس میں Sakalya Udyan کا افتتاح وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے 11 اکتوبر 2024 کو کیا تھا۔ 2026 میں بردانگ کو سکم کے ترقی کے راستے کے طور پر تسلیم کرتے ہوئے ایک اور یادگاری کمپلیکس تعمیر کیا گیا، جسے سکم پریرنا استھل کا نام دیا گیا۔ اِس یادگاری مقام کیلئے Cello فاؤنڈیشن کے CSR کے تحت مدد لی گئی۔

مانس پرتیم سرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

Argentina WHO

ارجنٹینا نے امریکہ کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے عالمی ادارۂ صحت، WHO چھوڑنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔ ارجنٹینا کے وزیر خارجہ Pablo Quirno نے بین الاقوامی صحت ایجنسی سے باہر نکلنے کی تصدیق کی۔ اس فیصلے کا پہلے گزشتہ سال فروری میں اعلان کیا گیا تھا اور ایک مہینے بعد Quirno نے وضاحت کی کہ دائیں بازو کی حکومت کے صدر Javier Milei نے WHO کو باضابطہ نوٹس جاری کر دیا ہے۔×

AIR India-West Asia

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء سے آنے اور جانے والی 50 شیڈیولڈ اور غیر شیڈیولڈ پروازیں چلائیں گے۔ ایک بیان میں ایئر انڈیا نے بتایا کہ پچاس میں سے 26 پروازیں شیڈیولڈ ہیں اور 24 پروازیں غیر شیڈیولڈ ہیں۔ امریکہ، اسرائیل اور ایران کے درمیان خطّے میں جاری کشیدگی نے پروازوں کی آمدورفت کو متاثر کیا ہے۔×

Badminton Orleans Masters

BWF سپر 300 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آکارشی کشیپ نے، Orleans Masters 2026 میں، خواتین کے سنگلز کے اصل میچ کے لئے جگہ بنالی ہے۔ انھوں نے کل اپنے دونوں کوالیفائنگ میچ جیت لیے۔ اب پہلے راؤنڈ میں آکارشی کا مقابلہ سنگاپور کی Yeo Jia Min سے ہوگا۔

کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی، مالوِکا بنسوڑ، اَنمول کھرب اور تنوی شرما اپنے کھیل کا مظاہرہ آج کریں گے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے چھتیس گڑھ، ہماچل پردیش اور وِدربھ میں آج گرج چمک اور ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، چھتیس گڑھ، مدھیہ پردیش، گجرات، مہاراشٹر اور اندرونی کرناٹک میں گرج چمک اور تیز ہوا چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے کا کہنا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، بہار، آندھرا پردیش، کیرالہ، ماہے، اُڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکم میں بھی اسی طرح کے موسمی حالات رہنے کا امکان ہے۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے سبھی اخباروں نے حکومت کے اس بیان کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے جس میں سرکار نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کے راستے LPG لانے والا دوسرا جہاز گجرات کے کاندلہ پورٹ پہنچا۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مرکزی وزیر تجارت و صنعت پیوش گوئل کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے باوجود بھارتی معیشت مستحکم۔

افغانستان کی راجدھانی کابل میں، ایک اسپتال پر پاکستان نے کی بمباری، کئی افراد ہلاک، بھارت نے اس کی سخت مذمت کی۔ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب کی خبر ہے: 2026 مطالبات زَر کو پارلیمنٹ نے منظور کیا۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ حکومت کی بجٹ پالیسی میں سماج کے سبھی طبقوں کا خصوصی خیال رکھتے ہوئے حقیقت پسندی پر مبنی بجٹ پیش کیا گیا ہے۔

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کی جانب سے بلائی گئی آل پارٹی میٹنگ میں لوک سبھا سے 8 معطل ارکان کی بحالی کئے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کرتے ہوئے لکھا ہے حکمراں جماعت اور اپوزیشن دونوں کے ارکان پارلیمنٹ نے اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا کہ معطّلی ختم کی جائے تا کہ ایوان کا کام خوش اسلوبی سے چلایا جا سکے۔اس خبر کو سبھی اخباروں نے نمایاں کیا ہے۔

'چناوٗ کمیشن نے پانچ ریاستوں کے اسمبلی انتخابات کے لئے مرکزی مشاہد مقرر کیے تا کہ آزادانہ اور منصفانہ پولنگ کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی جنگ اور آبنائے ہرمز کی سلامتی کے بارے میں، متحدہ عرب امارات کے صدر سے بات چیت کی۔

2- ایران نے اسرائیل کی طرف سے کئے گئے حملوں میں، اپنے قومی سلامتی کے سربراہ علی لاری جانی اور بَسیج فورس کے سربراہ غلام رضا سلیمانی کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔

3 - انتخابی کمیشن نے آسام، کیرالہ، پدوچیری، تمل ناڈو اور مغربی بنگال کے اسمبلی انتخابات کیلئے 1100 سے زیادہ مرکزی مشاہدین مقرر کیے ہیں۔

4- کیرالم اسمبلی انتخابات کیلئے چناوٗ مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں نے اپنے امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔

5- یکساں سول کوڈ کیلئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے اپنی حتمی رپورٹ کا مسودہ گجرات سرکار کو پیش کیا۔ اور

6- بھارت کی آکرشی کشیپ، فرانس میں آرلینس ماسٹرز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے اصل مرحلے میں، خواتین کے سنگلز میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---